**Text of Evening Urdu Bulletin**

**Time:07:40 PM**

**Dated:26 July 2026**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

شام کے **7** بجکر **40** منٹ ہوئے ہیں۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیوں پر ایک نظر۔

---

ہیڈ لائنز

☆...وزیر اعظم نریندر مودی کا من کی بات پروگرام میں عوام کے ساتھ تبادلہ خیال// کرگل کے شہید فوجیوں کو کیا خراج عقیدت پیش۔

☆...وجے دوس کے موقعے پر صدر جمہوریہ سمیت سبھی اہم لیڈروں کا شہیدوں کو خراج// کرگل میں وزیر دفاع نے کئے گل دائرے شہید فوجیوں کی نذر۔

☆...ایل جی منوج سنہا کے مطابق حقیقی علم کا ادراک عاجزی میں مضمر۔

اور

☆...20 روزکی گرمائی تعطیلات کے بعد وادی کے تعلیمی اداروں میں کل سے ہوگا درس وتدریس کا عمل دوبارہ شروع۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام 'من کی بات' میں ملک اور بیرون ملک لوگوں سے اپنے خیالات سانجھا کئے۔ یہ اس پروگرام کا 136 واں شمارہ تھا جس میں وزیر اعظم نے کئی اہم معاملات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے خاص طور سے کرگل وجے دوس کا ذکر کرتے ہوئے اس جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے فوجی جوانوں کو زبردست خراج عقید پیش کیا۔

........V/o...........

مہم کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ اس سلسلہ میں رواں ماہ کی 4 تاریخ Catch The Rain سے ملک بھر میں ایک مہم چلائی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پہل کے تحت Rainwater Harvesting گراؤنڈ واٹر ریچارج اور پرانی آب گاہوں کے احیاء پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

........V/O.............

وزیراعظم نے 'ووکل فار لوکل' کا نعرہ ایک بار پھر دہراتے ہوئے عوام کو اس جانب سنجیدگی سے غور کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کشمیر میں تیار کئے جانے والے گھاس کی چٹائی 'وگو' پر بھی تفصیل سے اظہار کرتے ہوئے مقامی دستکار غلام حسین اور ان کی بیٹی تنزیلا کی سراہنا کرتے ہوئے کہا۔

.........V/O............

دریں اثناء سرینگر کے رہنے والے غلام حسین نے وزیراعظم کی جانب سے روایتی ''ووگو'' کے احیاء پر ان کا نام لینے پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے تاثرات یوں بیان کئے۔

(For Kashmiri only) ......V/O......

تنزیلا نامی دوشیزہ نے 'من کی بات' پروگرام میں وزیراعظم کی جانب سے ان کا نام لئے جانے پر اپنے تاثرات کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔

(For Urdu only) ......V/O......

وجے دوس

ملک بھر میں آج 27 واں کرگل وجے دوس منایا جا رہا ہے۔ یہ دن 1999 کی کرگل جنگ کے دوران اپنی جانیں قربان کر دینے والے بھارتی فوجیوں کی بہادری کی تعظیم کے طور پر منایا جاتا ہے۔ وجے دوس بھارت کی پاکستان پر فتح اور آپریشن وجے کے کامیاب اختتام کی 27 ویں سالگرہ کے طور پر بھی منایا جاتا ہے۔ کرگل آپریشن کے دوران بھارتی مسلح افواج نے پاکستانی فوجیوں اور دہشت گردوں کی جانب سے دراندازی کے بعد جموں وکشمیر کے کرگل ضلع کے علاقوں کو دوبارہ حاصل کیا تھا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، فوجی سربراہ اور جموں کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے علاوہ ملک کی اعلیٰ شخصیات نے شہید فوجیوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ مادر وطن کی سالمیت کیلئے سخت کوش حالات میں بہادر فوجیوں کی جانب سے پیش کی جانے والی قربانیاں اور حب الوطنی کے جذبے کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ایل جی منوج سنہا نے بھی کرگل جنگ کے شہید فوجیوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے بھارت کی سالمیت اور وقار کیلئے اپنی عظیم جانیں نچھاور کیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کا مثالی حوصلہ آنے والی نسلوں

کو ہمیشہ تحریک بخشتا رہے گا۔ وجے دوس کے حوالے سب سے بڑی تقریب دراس میں کرگل وار میموریل پر منعقد ہوئی جہاں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے شہیدوں کو خراج عقیدت ادا کیا اور ایک گل دائرہ ان کے نذر کیا۔ انہوں نے اس موقعے پر اپنی تقریر کرتے ہوئے کہا۔

-----V/O----

تقریب پر ایل جی منوج سنہا کے علاوہ فوجی سربراہ جنرل دھیرج سیٹھ اور کئی ممتاز افراد نیز شہید فوجیوں کے خاندانی افراد بھی موجود تھے۔

ایل جی حاضری

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ حقیقی علم کا ادراک عاجزی سے ہوتا ہے اور جب یہ دوسروں کی خدمت میں استعمال کیا جائے تو اس کی طاقت مقدس بن جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ایل جی نے آج اننت ناگ میں پوتر Harbah تہوار میں شرکت کے موقعے پر کیا۔ جہاں انہوں نے ماتا سدھ لکشمی مندر میں حاضری دی اور نمن بھی کیا۔ انہوں نے سالانہ ہون میں شرکت کرنے والے شردھالوؤں کو مبارکباد دی۔ ایل جی نے کہا کہ Harbah تہوار عقیدت، شکر گزاری اور من کی شانتی حاصل کرنے کا ایک اہم موقعہ ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ اننت ناگ میں تیرتھ راج لوک بھون اپنی پُرسکون اور صاف و پاک ماحول کے ساتھ ہندوستان کی ابدی روحانی روایت کی زندہ علامت کے طور پر کھڑا ہے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا بالتل کے راستے سے جاری ہے تاہم پہلگام راستے سے یاترا بند ہے جس کی سرکاری بیان کے مطابق مرمت جاری ہے۔ اس بیچ ایل جی منوج سنہا نے کیمپ ڈائریکٹروں اور انتظامیہ کے سینئر افسروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران یاترا روٹ کی بحالی سے متعلق کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ، شرائن بورڈ کے ایڈیشنل CEO راہل سنگھ اور اننت ناگ کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بھی موجود تھے۔ ایل جی نے یاتریوں کی سلامتی کیلئے اضافی Mountain ریسکیو ٹیمیں ڈیوٹی پر لگانے اور سڑک کی فوری بحالی کی ہدایت دی۔ اس بیچ آج شام 5 بجے تک بال تل کے راستے سے مزید 16 ہزار 889 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

اسکول

وادی کشمیر اور جموں کے سرمائی زون میں سرکاری اور تسلیم شدہ غیر سرکاری اسکول کل سے درس و تدریس کیلئے دوبارہ کھل رہے ہیں۔ تعلیمی ادارے 6 جولائی سے گرمائی تعطیلات کیلئے بند کئے گئے تھے۔ تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے امید ظاہر کی کہ پوری وادی میں تعلیمی سرگرمیاں کل سے دوبارہ معمول کے مطابق شروع ہوں گی۔ حالیہ بارشوں سے پیدا شدہ سیلابی صورتحال پر وزیر موصوفہ نے کہا کہ تمام متعلقہ زونل ایجوکیشن افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ ضرورت کے مطابق اقدام کریں تاکہ طلباء کو کسی قسم کی دقتیں درپیش نہ ہوں۔

رحیم راتھر

اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے آج اپنے حلقہ انتخاب چرار شریف کے آرم پورہ اور نمبل ہار علاقوں کا دورہ کیا جس دوران انہوں نے مختلف عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور ترقیاتی منظرنامے سے متعلق جانکاری حاصل کی۔ سپیکر موصوف نے معروف صوفی شاعر صمد میر کے آستان عالیہ پر بھی حاضری دی اور سالانہ عرس کی تقریب میں شرکت کی۔

NC

نیشنل کانفرنس نے دلی کے جنتر منتر پر پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی کے جموں وکشمیر سے متعلق دئے گئے بیان پر حیرانگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوفہ کا بیان پُرامن احتجاج کرنے والوں کے خلاف طاقت کے استعمال کو جائز قرار دیتا ہے جس پر اُسے عوام سے معافی مانگنی چاہئے۔ پارٹی کے ترجمان اعلیٰ اور حبّہ کدل حلقے کے ممبر اسمبلی تنویر صادق نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پی ڈی پی صدر کے بیان سے یہ تاثر ملتا ہے کہ دلی میں پولیس کاروائی ناقابل قبول ہے جبکہ جموں وکشمیر میں ایسے اقدامات کو درست سمجھا جارہا ہے جو نہ صرف حیران کن ہے بلکہ قابلِ مذمت بھی۔ اس بیچ چولگام کولگام میں آج پارٹی ورکروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس کی صدارت کابینہ وزیر اور پارٹی کی سینئر لیڈر سکینہ ایتو نے کی۔ میٹنگ کے دوران حلقے کی تعمیر و ترقی اور دیگر امورات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بی جے پی

بی جے پی سے وابستہ جموں وکشمیر کے کارکنوں اور عہدیداروں نے آج وزیر اعظم کے من کی بات پروگرام کو بوتھ لیول پر سماعت کیا۔ پارٹی کے جموں وکشمیر یونٹ کے صدر ست شرما اور تنظیم کے جنرل سیکرٹری اشوک کول نے بھی کارکنوں اور عہدیداروں کے ہمراہ من کی بات پروگرام کو سنا اور اسے قوم کی رہنمائی کا ایک اہم وسیلہ قرار دیا۔

## عرس

بلند پایہ ولی کامل حضرت سلطان العارفین شیخ حمزہ مخدوم رحمتہ اللہ علیہ کے عرس کے سلسلے میں آج سے ایام متبرک شروع ہوئے ہیں۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع کوہِ ماران پر نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات، درود واذکار اور نعت و مناجات کی مجالس آراستہ ہورہی ہیں۔آج ہی حضرت خواجہ یعقوب داروُلیؒ کا عرس بھی منایا گیا۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ واقع وانٹ پورہ راجوری کدل میں خصوصی تقریب منعقد ہوئی جس میں عقیدت مندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

## صمد میر

نمبل ہار بڈگام میں آج وادی کے معروف صوفی شاعر صمد میر کا سالانہ عرس پورے جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا جس میں وادی کے اطراف واکناف سے آئے ہزاروں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔اس موقعے پر ختمات المعظمات اور درود واذکار کے علاوہ محفل سماع کی مجلس بھی منعقد ہوئی جس میں سرکردہ گلوکاروں نے مرحوم صوفی شاعر کا کلام پیش کرکے حاضرین کو محظوظ کیا۔

## PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت ملک کے اندر اور بیرون ملک نوجوانوں کیلئے روزگار کے نئے مواقعے پیدا کرنے کی کوشش کررہی ہے۔آج نئی دلی میں ورچول طریقے سے 18 ویں قومی روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کئی ملکوں کے ساتھ تجارت اور موبیلٹی کے شعبے میں سمجھوتے کررہا ہے۔اس سے ملک کے ہنر مند نوجوانوں کیلئے بے شمار مواقعے فراہم ہوں گے۔انہوں نے اس موقعے پر 60 ہزار سے زائد نوجوانوں کو تقررنامے ملنے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سے یہ اپنی زندگی کا نیا باب شروع کریں گے۔

## صدر

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو مالدووا، شمالی Macedonia اور رومانیہ کا اپنے کامیاب سرکاری دورہ مکمل کرنے کے بعد آج صبح نئی دلی واپس پہنچ گئیں۔دورے کے دوران صدر جمہوریہ نے تینوں یورپی ممالک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ ملاقات کرکے باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، اختراع اور قابلِ تجدید توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر زور دیا۔صدر جمہوریہ نے تینوں ممالک کے سربراہان کے ساتھ وفود سطح کے مذکرات کرکے وہاں مقیم بھارتی برادری اور کاروباری فورمز سے بھی ملاقات کی۔انہوں نے اپنے دورے کے دوران بھارت کی تیز رفتار اقتصادی ترقی، تکنیکی پیش رفت اور عالمی تعاون کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے تینوں ملکوں کے ساتھ شراکت داری کو مزید وسعت دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔واضح رہے کہ مالدووا، شمالی Macedonia اور رومانیا کا کسی بھی بھارتی صدر کا یہ پہلا سرکاری دورہ تھا۔

ایڈوائزری

وزارت خارجہ نے ایک خصوصی ایڈوائزری جاری کی ہے جس میں بحرِ اسود میں چلنے والے یا وہاں سے گزرنے والے کمرشل بحری جہازوں پر روزگار کے خواہشمند بھارتی شہریوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ اس قسم کے کام قبول کرنے سے پہلے موجودہ سیکورٹی خطرات کا پوری احتیاط کے ساتھ جائزہ لیں۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ کو 18 گھنٹوں کے بعد ٹریفک کی نقل وحمل کیلئے جزوی طور بحال کیا گیا ہے جس کے بعد آج شام اودھمپور اور بانہال سے درماندہ چھوٹی گاڑیوں کو اپنے مقامات کی طرف جانے کی اجازت دی گئی ہے۔ ایس ایس پی ٹریفک نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید نے ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کو بتایا کہ شاہراہ کو مسلسل 18 گھنٹوں کی کوششوں کے بعد جزوی طور بحال کردیا گیا ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش ہونے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27.8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 17.7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33.9 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23.5 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 38 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔